تعلیماتِ اسلامی (لازمی)	لاہور بورڈ،2016	انٹر پارٹ-I دوسرا گروپ
وقت:15منٹ	(معروضی طرز)	کل نمبر:10

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1-1 پاکستان وجود میں آیا:
(A) دس محرم (B) بارہ ربیع الاول (C) ستائیس رمضان (D) چودہ صفر

-2 اپنے آخری حج کے موقع پر حضورؐ نے خطبہ دیا:
(A) عرفات میں (B) مسجد حرام میں (C) میدان بدر میں (D) میدانِ احد میں

-3 حضور صلی اللہ علیہ وسلم رحمت ہیں:
(A) تمام جہانوں کے لیے (B) انسانوں کے لیے (C) فرشتوں کے لیے (D) جانوروں کے لیے

-4 قرآن مجید مدت میں نازل ہوا:
(A) اکیس سال (B) بائیس سال (C) تیئس سال (D) چوبیس سال

-5 فرشتے ہیں:
(A) ناری مخلوق (B) نوری مخلوق (C) خاکی مخلوق (D) زمینی مخلوق

-6 اسلامی عقائد میں سے پہلا عقیدہ ہے:
(A) نماز (B) روزہ (C) توحید (D) آخرت پر ایمان

-7 ابولہب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا تھا:
(A) دوست (B) بیوی کا بھائی (C) چچازاد بھائی (D) چچا

-8 اسلام کے معاشی نظام میں بنیادی اہمیت حاصل ہے:
(A) نماز (B) روزہ (C) زکوٰۃ (D) حج

-9 قرآن مجید کی سب سے چھوٹی سورت ہے:
(A) الاخلاص (B) العصر (C) الکوثر (D) الفلق

-10 ارکانِ اسلام کی تعداد ہے:
(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

تعلیماتِ اسلامی (لازمی)	لاہور بورڈ،2016	انٹر پارٹ-I دوسرا گروپ
وقت:1 گھنٹہ 45منٹ	(انشائیہ طرز)	کل نمبر:40

(حصہ اول)

-2 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھئے:

(i) قرآن میں شرک سے کیا مراد ہے؟

(ii) ظلم عظیم سے کیا مراد ہے؟

(iii) فرشتوں کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟ مختصراً لکھیے۔

(iv) عقیدہ کا لغوی واصطلاحی معنی لکھیے۔

(v) رشتہ داروں کے چار حقوق تحریر کیجیے۔

(vi) جنگ اور جہاد میں کیا فرق ہے؟ مختصراً لکھیے۔

(vii) پڑوسی کی اہمیت پر تین سطور تحریر کیجیے۔

(viii) عملی منافق کی تعریف کیجیے۔

(ix) دہشت گردی سے بچنے کے لیے کوئی سے دو اقدامات لکھیے۔

3- کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 12

(i) صبر سے متعلق سیرۃ النبیؐ سے ایک مثال لکھیے۔

(ii) ذکر کی دو قسمیں لکھیے۔

(iii) رَحْمَةً لِلْعَالَمِيْنَ سے کیا مراد ہے؟

(iv) تسبیح فاطمہ سے کیا مراد ہے؟

(v) حدیث کا مفہوم بیان کیجیے۔

(vi) صحیح مسلم کے مؤلف کا نام لکھیے۔

(vii) قرآن مجید کے چار نام لکھیے۔

(viii) آیت قرآنی کا ترجمہ لکھیے: اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرْ

(ix) حدیث کا ترجمہ لکھیے: اِنَّمَا بُعِثْتُ لِاُتَمِّمَ حُسْنَ الْاَخْلَاقِ

(حصہ دوم)

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف دو کے جوابات لکھیے۔

4- انبیاء کرامؑ کی امتیازی خصوصیات تحریر کیجیے۔ 8

5- زکوٰۃ کے معاشی اور معاشرتی فوائد تحریر کیجیے۔ 8

6- مکی اور مدنی سورتوں کی خصوصیات تحریر کیجیے۔ 8